بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

Shia Books PDF منظر ایلیاء



MANZAR AELIYA
9391287881
HYDERABAD INDIA

قرآن اور امام حسین علیہ السلام



مصنف: حجۃ الاسلام والمسلمین آقای محسن قرائتی دام برکاتہ

قرآن اور امام حسین علیہ السلام

ترجمہ : فارسی سے اردو

مصنف :

حجۃ الاسلام والمسلمین آقای محسن قرائتی دام برکاۃ

مترجم :

حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا سید نصرت علی (چندن پٹوی دربھنگہ، بہار)

بانی ادارہ۔ تحریک نوجوانان اسلامی مرکز جہانی (ہندوستان)

عباس بک ایجنسی

رستم نگر درگاہ حضرت عباس لکھنؤ۔۳

فون نمبر: 2647590, 2001816

فیکس نمبر: 2255977 موبائل : 9415102990

Email-abbasbookagency@yahoo.com

نام کتاب : قرآن وامام حسینؑ

مؤلف : حجۃ الاسلام والمسلمین آقای محسن قرائتی دام برکاتہ

مترجم : حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا سید نصرت علی جعفری صاحب قبلہ چندن پٹوی، دربھنگہ، بہار (ہندوستان)

طباعت : ستمبر ۲۰۰۳ء

تعداد : ۱۰۰۰ (ایک ہزار)

مطبوعہ : ایس ایس انٹرپرائزز دہلی

ناشر : عباس بک ایجنسی۔ لکھنؤ۔۳

قیمت : -/15 روپے

ملنے کا پتہ

عباس بک ایجنسی

رستم نگر درگاہ حضرت عباس لکھنؤ۔۳ فون نمبر: 2647590, 2001816

فیکس نمبر: 2255977 موبائل : 9415102990

Email-abbasbookagency@yahoo.com

انتساب

اس غیر شادی شدہ بیٹی اور بہن کے نام جس کو فاطمہ معصومہؑ (قم) کہا جاتا ہے جو کہ ساتویں امام کی بیٹی اور آٹھویں امام کی بہن ہیں۔

جن کے فیوض و برکات سے (قم) ایران کی سرزمین روشن ومنور ہے

☆☆☆☆☆

فہرست دس گہربار

صفحہ نمبر

(۱) مصنف کے قلم سے

(۲) مترجم کا بیان

(۳) قرآن و امام حسین علیہ السلام ---------------------- (۹)

(۴) کربلا میں انگیزہ، اخلاص، نشاط، و آگاہی ---------------- (۱۳)

(۵) امام حسین علیہ السلام کا سفر مدینہ سے کربلا قرآن کی روشنی میں (۱۹)

(۶) امام حسین علیہ السلام کے اھداف و مقاصد اور قرآن ----- (۲۶)

(۷) امر بالمعروف و نھی عن المنکر و امام حسین علیہ السلام ------ (۳۰)

(۸) قرآن کا جلوہ کربلا میں -------------------- (۳۳)

(۹) عزت و ذلت کربلا ---------------------- (۳۷)

(۱۰) اہمیت نماز و امام حسین علیہ السلام -------------- (۴۲)

(۱۱) قرآن و شہداء کی یاد ---------------------- (۴۶)

(۱۲) زیارت عاشورہ قرآن کے سایہ میں ------------- (۵۱)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے۔

الحمد للہ رب العالمین ۔ وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد و آلہ اجمعین۔

ساری تعریفیں اللہ کے لئے ہے جو خالق جہاں ہے۔ اور درود و سلام ہو ہمارے سید و سردار محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ پر وان کی تمام آل پر۔

مصنف کے قلم سے

کئی سال سے تفسیر قران کی ترویج کے لئے کوشاں ہیں۔ کہ اسی اثناء میں اللہ نے اس کی توفیق عطا کی ہے کہ اس فرائض کو انجام دوں ۔ ۸۰ ش میں جب حج سے واپس ہوئے۔ تو دوستوں کی حوصلہ افزائی اور ان لوگوں کے اصرار پر شب عید غدیر اور روز عید غدیر میں اسی فکر میں ڈوبا رہا کہ اس سال ماہ محرم میں اپنی پوری تقریر اور تمام مقررین کی تقریریں اسی قرانی زاویہ پر ہونی چاہئے۔ یعنی امام حسین کے تمام اھداف اور تمام کا نامہ جو امام نے پیش کئے۔ مثلاً جہاد فی سبیل اللہ عزم و ارادہ، خلوص ایمان کی وہ راہیں، معیار شہادت، مشکلات میں اھمیت نماز حر کی خطا کو معاف کر دینا حر کا انداز توبہ۔ امام حسین نے سب سے پہلے اپنے

کڑیل جوان کو جہاد کے لئے بھیجا۔ اسی طرح اصحاب و انصار کی وفاداری۔ ایک جملہ میں یوں کہا جائیکہ کربلا کے آغاز سے لیکر انجام تک قرآنی آیتوں کا پہرہ تھا۔ کہ سو سے زیادہ آیتیں کردار کربلا کی نقاشی کرتی ہیں۔ لہذا مقررین حضرات اپنی تقاریر میں ایک ایک نمونہ کو پیش کرتے رہیں اور مصادیق کو قرآن کی آیتوں سے تطبیق کرتے رہیں۔ تاکہ مثالی آئینہ ہدایت بن کر لوگوں کے سامنے آسکیں۔ میں نے سوچا کہ اپنی تقریر میں دوسرے مسائل و آلام کے بجائے قرآنی آیتوں کو پیش کیا جائے۔ تاکہ نورانی اثر لوگوں کے دلوں کا جاذبہ بن جائے اور اسی سے قرآن کی مھجوریت دور ہو سکے۔ تاکہ حدیث رسول مصادیق عملی بن کر محبان کی تصدیق کر سکے۔ جس سے دونوں آپس میں احساس غربت نہ کر سکیں۔ اور اس طرح وہ قریب ہوں کہ حوض کوثر پر ہی اس کے ذاتی اثرات معلوم ہو سکیں۔ (قال رسول۔ انی تارکم فیکم الثقلین کتاب اللہ و عترتی ما ان تمسکتم بھما لن تضلوا فانھما لن یفترقا حتی یردا علیّ الحوض) اس ذمہ داری کو نبھانے کے لیے پختہ فکر اور بے عیب سرحدوں کے ساتھ کافی وقت درکار ہے لیکن محرم کو نورانی آیتوں سے نہ سجانا بھی موردتاسف ہے۔

لہذا میں نے دن و رات کی محنت میں امام حسینؑ کی وہ راہ و روش جو قرآنی اصول پر مبنی ہے بصورت دس گہربار قلمبند کرنے کی کوشش کی ہے۔ لہذا میں اپنی ہر ایک گفتگو کے ذیل میں دس سے بیس آیۃ تک پیش کرنے کی جرآت کر رہا ہوں تاکہ خطیب' ذاکر' وصاحب منبر کے لئے یہ آسانی ہو جائے تاکہ وہ مجلس اور خطابت کو جلاء دے سکیں۔ اور اس کی مناسبت سے دوسری آیتوں اور حدیث کا اضافہ بھی کر سکیں۔ اور یہ اصول کربلا جو قرآنی سایہ میں پیش کیا جا رہا ہے اس کا مقدمہ ہے تاکہ لوگوں کے رجحانات قرآن کی طرف بیشتر ہوں اور قرآن سے اہلبیت کو سمجھنے کی طاقت پیدا ہو۔

امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اب تک جو باتیں جو گفتگو میں کر چکا ہوں یا کرتا رہتا ہوں ایک بھی قرآنی راہوں سے الگ نہیں ہے اگر پوچھو گے تو تمام گفتگو ایک ایک آیت سے ثابت کر کے بتاؤں گا۔ کہ یہ گفتگو فلاں آیت کے ذیل میں ہے اور وہ گفتگو فلاں آیت کے ذیل میں۔

لہذا پہلی گفتار جو میں نے قلمبند کی ہے وہ اس کتاب سے جو فارسی میں ہے (ہمگامی امام حسینؑ با قرآن) اور گفتار سوم کو اس کتاب

سے جو عربی میں ہے اخذ کیا ہے۔ (موسوعہ کلمات امام حسینؑ) اس کے
علاوہ وہ تمام گفتار خدا کے لطف و کرم سے اپنی ہی کوشش سے قلمبند کی
ہے۔ میں اس آنے والے دن کا انتظار کر رہا ہوں جب ہماری ساری
چیزیں قرآنی ہو جائیں قرآن کے سانچے میں ہمارا عرفان ڈھلے عقائد
و اخلاق مسائل زندگی۔ ہماری زندگی زیارت گاہوں کی پروانہ وار
ہوں مگر نور قرآن کے ساتھ۔ اہل بیت کی فرمائشات کو اپنے دل میں
اتاریں۔ مگر قرآن کی مٹھاس کے ساتھ۔ خواب۔ تاریخ۔ لفظی اور
ادھر اُدھر کی داستان کو بیان کرنے سے پرہیز کریں۔ ان تمام چیزوں
کو بغیر سوچے سمجھے نقل نہ کریں بلکہ کلام الٰہی کے سہارے ان تمام
واقعات کو نقل کریں تا کہ آنے والی نسل بالخصوص محبان حسین ابن علی
جلوۂ امام حسینؑ کو جلوۂ قرآن سے سمجھنے کی کوشش کریں تا کہ ہماری مجلسیں
محفلیں، جلسات اور وہ تمام پروگرام قرآن و اہل بیت کی برکتوں سے
خالی نہ ہوں تا کہ کربلا کی تاریخ قرآن بن جائے۔ اور تمام واقعات
قرآنی نظر آنے لگیں۔ ہم کو یاد رکھنا چاہئے کہ بہت سارے علامہ ایسے
منبر پر نظر آتے تھے اور اس وقت علماء عظام کی کمی نہیں ہے لہٰذا کل کی
نسبت آج ہم سے زیادہ ہی سوالات کیئے جاتے ہیں کہ ہم کو کیسا ہو

چاہئے۔ اے میرے پالنے والے قرآن کو ہمارے لیے نور فکر، نور
عقیدہ، قلم، بیان اور ایک انسان کا عمل قرار دیں۔

﴿آمین﴾

مترجم کا بیان

اس خالق بے نیاز کا جتنا بھی شکریہ ادا کیا جائے، اس کی بے انتہا نعمتوں کے مقابلے میں کم ہے۔ اس نے انسانوں کو، شعور، فکر، تدبر، عقل، جسم وحیات، روح میں جاویدگانی، قلم میں روانی، اور ہاتھوں میں قوت دی تا کہ اس کے ذریعہ بلندی کمالات کو پاسکیں۔ لیکن بعض مخلوق نے اپنے شعور کو بیدار رکھکر رضائے الٰھی کے لئے کوشاں رہے، اور بعض مادّی دنیا میں کھو گئے۔ جس نے شعور کی بیداری کے ساتھ اپنا قدم بڑھایا تو خدانے اسے توفیقات بے کراں سے نوازا، اور اس کے ساتھ ساتھ انعام واکرام کو اس کا مقدر بنادیا۔

مؤلف ومصنف ہو یا مترجم اگر خالصانہ قلم اٹھاتا ہے (تا کہ باشعور مخلوقات اس سے فائدہ اٹھاسکیں) تو اللہ اس کے زور بیان، زور قلم، میں وہ طاقت بھی عطا کردیتا ہے کہ جس کی وہ فکر بھی نہیں کرسکتا تھا۔

حقیر کی یہ ترجمہ شدہ پہلی کتاب منظر عام پر آئے گی۔ حالانکہ اس ترجمہ کے قبل دو کتاب تالیف بھی کر چکا ہوں جس میں کی ایک کتاب یہ ہے (امام زمانؑ قرآن اور حدیث کے آئینے میں) اور دوسری کتاب (حضرت آدمؑ سے حضرت امام آخرؑ تک اور دیگر مفکر جہان کے اقوال امام حسینؑ کے سلسلے میں) جمع آوری کی ہے لیکن ترتیب وتصحیح کی وجہ سے منظر عام پر نہ آسکی۔ اور دو کتابوں کا ترجمہ بھی ابھی منظر عام پر نہ آسکا ہے۔ ترجمہ وتصحیح کر چکا ہوں جس کا نام یہ ہے۔ ا (شباہت اور

فرق) مصنف۔ اکبر دھقان ۲ (یوسف قرآن) مصنف محسن قرائتی، ترجمہ حاشیہ اور اضافات کے ساتھ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

یہ کتاب (قرآن اور امام حسین علیہ السلام) جس کا ترجمہ پیش خدمت ہے۔ استاد شفیق مولانا اسد رضا صاحب قبلہ کی حوصلہ افزائی کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ یہ کتاب ہر اعتبار سے اچھی لگی۔ یوں تو مصنف کتاب کو خبر نہیں ہے کہ میں نے ان کی کتاب کا ترجمہ مکمل کردیا ہے۔ حالانکہ ان کے محضر درس سے کافی طلاب نے استفادہ کیا، اور حقیر کو ان کی روش تبلیغ، انداز بیان، قیمتی نکات بہت پسند آئے۔ اور انشاء اللہ تمام لوگوں کو بھی یہ ترجمہ کی ہوئی گراں مایا کتاب ضرور پسند آئے گی۔ امید کرتا ہوں تمام محبان حسین ابن علی اپنی پوری زندگی میں ہدف کربلا کو ہدف قرآن سے سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ اور عزاداری کو قرآن کی نورانی آیتوں سے سجا کر نوری امام کے غم واندوہ میں شریک ہوں گے تا کہ خوشنودی اہلبیتؑ خشنودی رب کریم بن جائے۔ اور امام حسینؑ کا ہدف مقصد مؤمنین کے سامنے واضح وروشن ہو سکے۔ لہذا شاعر اپنے دو مصرع میں حقیقت ثقلین کی وضاحت کچھ اس طرح کرتے نظر آئے۔

آگیا آگیا قرآن سنانے والا
دیکھے سر کشتئی اسلام بچانے والا

قرآن ونماز نہ امام حسینؑ سے جدا ہوا، اور نہ امام حسینؑ قرآن ونماز سے۔ دونوں ایک دوسرے کے مظہر ہیں، تاریخ گواہ ہے کہ امام حسینؑ ایک لمحہ کے لئے بھی

قرآن ونماز سے جدا نہ ہوئے، ظالموں نے شہ رگ حیات کو کاٹ دیا، مگر ایک دوسرے کو ان کے روحانی رشتوں سے الگ نہ کر سکے۔ سرتن سے جدا ہو گیا، مگر قرآن روح سے جدا نہ ہوا کیونکہ امامؑ کا روحانی سجدہ اور نوک نیزہ پر سورۂ کہف کی تلاوت بتا رہا ہے کہ ہم نہ قرآن سے جدا ہیں، اور نہ قرآن ہم سے۔ تو پھر محبان حسین ابن علی قرآن ونماز سے کیسے جدا ہو سکتے ہیں!

کربلا اخلاق محمدی کا دبستان عملی ہے جہاں حضور کے چھوٹے نواسے حسینؑ نے حق وصبر کی وصیت کے قرآنی فلسفہ کو اس معراج پر پہنچایا کہ شاعر مشرق (علامہ اقبال) کو یہ کہنا پسند ہوا۔

رمز قرآن از حسین آموختیم
زآتش او شعلہ ہا اندوختیم

خداوند کریم ہم سب کو صراط مستقیم پر رہنے کی توفیق عطا فرمائے عزاداری کو قرآن ونماز کے سائے میں برپا کرنے اور فروغ دینے کی زیادہ سے زیادہ توفیق مرحمت فرمائے۔

(آمین)

فقط والسلام

احقر العباد۔ سید نصرت علی جعفری (چندن پٹوی) مدرس اعزازی۔ مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ سیٹی۔ ۸۔ بانی ادارہ۔ تحریک نوجوانان اسلامی مرکز جہانی (ہندوستان)

قرآن و امام حسین علیہ اسلام

اگر قرآن کریم سید الکلام ہے (۱) تو امام حسینؑ بھی سید الشہداء ہیں (۲)

اگر ہم صحیفہ سجادیہ میں قرآن کے سلسلے میں (میزان القسط پڑھتے ہیں) امام حسین علیہ اسلام بھی فرماتے ہیں (امرت بالقسط) (۳) اگر قرآن پروردگار کا موعظہ ہے (موعظۃ من ربکم) (۴) تو امام موعظہ کی تکمیل وتصدیق کرنے والے ہیں۔ لہٰذا روز عاشورہ فرماتے ہیں اے لوگوں لڑائی میں جلدی نہ کرو پہلے موعظہ حق سن لو پھر آگے قدم بڑھاؤ (لا تعجلوا حتیٰ اعظکم بالحق) (۵) اگر قرآن لوگوں کو ہدایت کی دعوت دیکر منزل کمال تک پہونچاتا ہے (یھدی الی الرشد) (۶) تو قرآن کے وارث بھی لوگوں کو راہ تکامل کی طرف بلا کر ہدایت کے راستہ پر لگاتے ہیں۔ ملاحظہ کیجئے۔ (ادعوکم الیٰ سبیل الرشاد) (۷) اگر قرآن کتاب عظیم ہے (۸) تو امام حسین بھی ایک عظیم سابقہ کے مالک ہیں۔ (عظیم السوابق) ۹ اگر قرآن کتاب حق ویقین ہے (وانہ لحق الیقین) (۱۰) تو امام حسین علیہ السلام بھی حق الیقین کے بلند مینار ہیں جیسا کہ ہم امام حسینؑ کی زیارت میں پڑھتے ہیں کہ امام سے

خطاب ہو رہا ہے کہ تم نے اس قدر خالصانہ صادقانہ عبادت کی ہے کہ درجہ یقین پر پہنچ گئے۔(حتی اتاك اليقين) (۱۱) اگر قرآن شفاعت کا مقام رکھتا ہے (نعم الشفيع القرآن) (۱۲) تو امام حسینؑ بھی شفاعت کے درجہ پر فائز ہیں (وارزقنی شفاعة الحسينؑ) (۱۳) صحیفہ سجادیہ کی بیالیسویں[۴] دعاء میں پڑھتے ہیں کہ آن پرچم نجات ہے (علم نجاة) لہذا اس کے مماثل امام حسین علیہ السلام کی زیارت میں پڑھتے ہیں کہ ہم پرچم ہدایت ہیں(انه راية الهدیٰ) (۱۴) اگر قرآن لوگوں کے لئے شفابخش ہے(ونزل من القرآن ماهو شفاء) (۱۵) تو امام حسینؑ کے قبر کی خاک بھی شفابخش ہے۔(طين قبر الحسينؑ شفاء) (۱۶) اگر قرآن کریم حکمت کا منارہ ہے(۱۷) تو امام حسینؑ بھی حکمت الٰہی کے باب ہیں۔ (السلام عليك يا باب حكمة رب العالمين) (۱۸) اگر قرآن امر بہ معروف ونہی عن المنکر کو رواج دیتا ہے(فالقرآن آمر وزاجر) (۱۹) تو امام حسینؑ کا بھی مقصد وھدف یہی تھا کہ میں مدینہ کو اس لئے چھوڑ رہا ہوں کہ لوگوں کو امر بہ معروف ونہی عن المنکر کروں (اريد ان آمر بالمعروف وانهیٰ عن المنكر) (۲۰) اگر قرآن نور ہے(نوراً مبينا) (۲۱) تو امام حسینؑ بھی نور ہیں (كنت نوراً فی الاصلاب الشامخة) (۲۲) اگر قرآن لوگوں کے لئے اور تاریخ کے لئے ہے تو پھر اس میں زمانے والوں کی قید نہیں ہے۔(لم يجعل القرآن لزمان دون زمان ولا للناس

دون الناس) (۲۳) لہذا امامؑ کے لئے ہم پڑھتے ہیں کہ ان کی تاریخ شہادت بھی معجزاتی آثار رکھتی ہے۔ جو کبھی ختم نہیں ہوسکتی۔(لايدرس اثره ولايمحی اسمه) (۲۴) اگر قرآن ایک مبارک کتاب ہے۔(كتاب انزلناه اليك مبارك) (۲۵) تو امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا سبب بھی اسلام کی برکت ورشد کے لئے ہے(اللهم فبارك لی فی قتله)(۲۶) اگر قرآن میں کوئی انحراف یا غلطی و خطاء نہیں ہے اور اس سے مصون ہے (غير ذی عوج) (۲۷) لہذا امام حسین علیہ السلام کے سلسلے میں ملتا ہے کہ پوری زندگی ایک لحہ کے لئے حق سے باطل کی طرف نگاہ بھی نہ کیا۔(لم تمل من حق الیٰ الباطل) (۲۸) اگر قرآن "کریم" ہے۔(انه لقرآن كريم) (۲۹) تو امام حسین علیہ السلام صاحب کرامت والائے اخلاق ہیں۔(و كريم الخلائق) ۳۰ اگر قرآن عزیز ہے(انه لكتاب عزيز)(۳۱) تو امام حسین علیہ السلام نے اپنا سر ذلت کے آگے خم نہ کیا جیسا کہ ان کے قول سے ثابت ہے۔ (هيهات منا الذلة) (۳۲) اگر قرآن کریم محکم ومضبوط رسی ہے(انّ هذا القرآن ---- العروة الوثقیٰ) (۳۳) تو امام حسین علیہ السلام بھی ایک محکم ومضبوط حبل خدا ہیں اور نجات کی کشتی ہیں۔(انّ الحسين سفينة النجاة و العروة الوثقیٰ) (۳۴) اگر قرآن آشکار و بیّن دلیل ہے(جائكم بيّنة من ربكم)۳۵ امام حسین علیہ السلام بھی لوگوں کے لئے آشکار حجت اور اللہ کے لئے دلیل ہیں۔جیسا

کے زیارت میں پڑھتے ہیں۔(۳۶) اگر قرآن کو اطمینان اور با فہم وادراک پڑھنے کا حکم ہے (ورتّل لقرآن ترتیلا) (۳۷) لہذا امام حسینؑ کی زیارت کے لئے جب بھی نکلو تو حدیث یہ ہے کہ اپنے قدم کو آہستہ آہستہ آگے بڑھاؤ۔(وامش بمشی العبید الزلیل) (۳۸) اگر تلاوت کے سلسلے میں ہے کہ غم واندوہ کے ساتھ پڑھنا چاہیے (فاقرو ہ بالحزن) (۳۹) لہذا امام حسین علیہ السلام کی زیارت بھی غم واندوہ کے ساتھ کی جائے اور پڑھی جائے۔(وزرہ وانت کئیب شعث) (۴۰) جی ہاں حسین علیہ السلام قرآن ناطق خدا کے کلام کی آوازوں میں سے ایک آواز ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

کربلا میں انگیزہ، اخلاص۔نشاط و آگاہی

آج کی دنیا، مال وثروت، قوت وتوانائی، اطلاعات، خصوصیت، دنیا کی پیش رفت اور حمایت سے اس کی طرف مائل اور جھکی نظر آتی ہے۔لیکن امام حسین علیہ السلام نے اس کے برخلاف، ان تمام مذکورہ بالا چیز کو اپنے خدا پر ایمان اور اس کی معرفت اخلاص ونشاط وعزم وحرکت کو ایک ساتھ قرار دیکر مکمل لائحہ نمونہ انسانیت تیار کرتے ہیں۔جس کا کچھ نمونہ بطور مثال پیش خدمت ہے۔

نماز کو بغیر رغبت ودلچسپی سے ادا کرنے والے کو قرآن احقر شمار کرتا ہے۔(قاموا کسالیٰ) (۴۱) انفاق بغیر معرفت ورغبت کے قرآن کی ستائش سے خالی (ھم کارھون) (۴۲) کسی بھی کام کی انجام دہی بغیر دلچسپی کے یا بہانہ کے ساتھ انجام دینا گویا انجام نہ دینے کے مترادف ہے۔بنی اسرائیل نے بیت ہی حیلہ و بہانہ کے بعد جب گائے کو ذبح کیا تو قرآن کریم نے کہا کہ گویا ان لوگوں نے ایسا کیا ہی نہیں (فذبحوھا و ماکا دو الفیعلون) (۴۳) اکثر اوقات قرآن نے ان لوگوں کے سلسلے میں انتقاد وتر ہیق کی ہے کہ (أثا قلتم الی الارض) (۴۴) جو

شخص اضطراب و پریشانی کے عالم میں تجدید ایمان کرتے ہوئے خدا سے لو لگاتے ہیں تو خدا نہیں ایسے لوگوں کو قرآن میں خود غرض و مطلب پرست کی فہرست میں جان ہے۔

قرآن۔ جیسے ہی وہ ڈوبنے لگتے اور کوئی سہارا نہیں پاتے اس وقت وہ خدا کو پکارتے ہیں لیکن جیسے ہی وہ نجات پاتے ہیں وہیں سے خدا کو بھول جاتے ہیں۔ (قرآن۔ فاذا رکبوا فی الفلك دعوا اللہ ---- فلما نجاهم ----) (۴۵)

دعویٰ ایمان یا تجدید ایمان خطرناک موقعے پر ایک فرعون وقت کا کام ہے کہ جب غرق ہو رہا تھا تو اس نے خدا سے کہا کہ میں ایمان لایا تو خداوند کریم نے جواب دیا (الآن وقد عصیت قبل) (۴۶) کربلا میں نشاط و خوشی تھی لہٰذا امام حسینؑ نے فر موت گلے کے ہار کے مانند جوان لڑکیوں کے سینے کی زینت ہے۔ امام حسینؑ بھتیجے (حضرت قاسم ابن حسن) نے فرمایا۔ موت ہمارے نزدیک شہد سے ز شیریں ہے۔ امام حسینؑ کے دوست و احباب کہتے تھے اگر کئی بار زندہ کیا جاؤں پھر قتل کے لئے بھیجا جاؤں پھر بھی گریز نہیں کر سکتا۔

نشاط، تسلیم و رضا سے بلند و بالا ہے۔ اور اس کی جز ایمان کی راہ و روش اور نشاط نہ ہونا صحیح ہدف و راہبر و راہ کا نہ پانا ہے۔

اما مسئلہ فکر و حرکت انسان

اسلام انسان کی فکر و حرکت پر زیادہ ہی توجہ دیتا ہے۔ حتی وہ انسان جو سیر و سلوک میں کئی روز بھوکا رہتا ہے اگر یہی بھوک و پیاس اخلاص کے پیرائے پر نہ ہو اور اس بھوک و پیاس کی نیت غیر اللہ ہو تو پھر اس کی کوئی اہمیت نہیں رہتی ہے۔ جیسا کہ قرآن کے سوروں میں سے ایک سورہ جس کا نام (سورہ عبس) ہے کہ اس کی پہلی دس آیتوں میں ایسے افراد کی شدت سے انتقاد کرتی ہے کہ کیوں وہ آنکھ رکھتے ہوئے اندھوں کی طرح کام کرتے ہیں۔ کیونکہ نابینا شخص نہ بگڑے ہوئے چہرہ کو دیکھتا اور نہ مسکراتے ہوئے انسان کو لیکن اسلام حقیقت عبوسیت کو برا سمجھتا ہے نہ اس لیے کہ لوگ اس کو سمجھتے ہوں یا نہ سمجھتے ہوں وہ چیزیں جو واقعی ہوں غیر واقعی سے جدا دیکھتا ہے۔ اس کے لئے۔ اعتبار سیاست اقتدہ و تعصب کو معیار قرار نہیں دیتا۔

اسی وجہ سے اسلام کے حقیقی وارث امام حسینؑ نے عزم واقعی کا مظاہرہ کیا ان میں نہ خود نمائی تھا نہ قدرت طلبی اور نہ انتقام کا ارادہ، بلکہ امام حسینؑ اور ان کے اصحاب کا ارادہ و عزم نانا محمد مصطفیٰؐ کے بگڑتے ہوئے دین کی اصلاح تھی ان لوگوں کا ارادہ مال و دولت حکومت و طاقت کو پانا نہ تھا کیوں کہ ان لوگوں فنا فی اللہ کر کے خدا سے معاملہ کر چکے تھے۔ اسی وجہ سے امام حسینؑ کے بیٹے جس کو یزیدی لشکر نے قید کر رکھا تھا اس کے دربار میں وہ تقریر کی اور خدا کی حمد و ثناء کی جو کچھ اس طرح ہے۔ (الحمد للہ عدد الرمل و الحصیٰ) لہٰذا اس جملے سے پتہ چلتا ہے کہ اس سے بہتر

حمہ کوئی اور نہیں کر سکتا۔ اسی طرح ان کی پھوپھی (امام حسینؑ کی بہن زینب کبریٰ علیہا السلام) نے دربار یزید میں بے باکی سے کہا۔ میں نے زیبائی کے سوا کچھ بھی نہ دیکھا۔ (ما رأیتُ الّا جمیلا) اگر ہدف وانگیزہ خدا کے علاوہ ہوتا تو مشکلات کے وقت گلہ وشکوہ ضعف وناشکری ضرور ہوتی۔ المختصر یہ کہ اسلام اپنی آمادگی تمام جنبوں سے دشمنوں کے مقابلے میں رکھتا ہے۔ (واعدّو الھم ما استطعتم من قوۃ) (۴۷) تعلیم تعلّم کے سلسلے میں خواص عنایت ہے جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ علم حاصل کرو کچھ سیکھو اگر چہ کافر ہی کے پاس کیوں نہ ہو۔ (اطلب العلم ولو بالصین) افراد کی حمایت کو خواص توجہ واہمیت دیتا ہے۔ (قرآن کریم۔ تعاونوا علی البرّ والتقویٰ) (۴۸) دولت وسرمایہ وخبر رسانی کی طرف توجہ رکھتا ہے۔ لیکن یہ تمام باتیں اس چشمہ کی طرح ہے جو ضعیف چیز کو قوی بنا کر پیش کرے۔ لیکن آنکھ ہی کے ذریعہ دیکھا جاتا ہے اور یہ توفیق بھی اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ (وما توفیقی الّا باللہ) (۴۹) اور مدد بھی اسی پاک پروردگار کی برف سے ہے۔ (وما النّصر الّا من عند اللہ) (۵۰)

لنا طرفین آگاہی کے اعتبار سے

اس زمانے میں جنگ میں ماہر پائلٹ جو ہوتا ہے۔ ایک محلّہ میں جا کر

بمباری کر دیتا ہے لیکن وہ نہیں جانتا کہ یہ کیوں کیا جا رہا ہے۔ اور اس کا فائدہ کیا ہوگا۔ لیکن اس کے برعکس حسینؑ کے تمام ساتھی وعزیز واقرباء آغاز سفر سے انجام کربلا تک پورے طور سے آگاہ تھے کہ امام حسینؑ کے تمام خطبات وجملات اس بات پر مبنی تھے کہ نہ اس میں کوئی ماڈی فائدہ ہے اور نہ کوئی لوٹ پائے گا۔ لہذا تم سب کے سب آزاد ہو۔ لہذا جتنے بھی ہمراہ قافلہ آئے سب نے آگاہی رکھتے ہوئے مخلصانہ محبت کے ساتھ حسینؑ کے قدموں پہ اپنی جان نثار کر دی اسلام میں آنسو بھی باارزش سمجھا گیا ہے مگر یہ آگاہی ویقین کے ساتھ ہو تب۔ (تفیض اعینھم من الدّمع ممّا عرفوا) (۵۱) جب تک انسان اپنے اندر یقین کامل پیدا نہیں کرتا اس کا ہر کام شک وشبہ سے خالی نہیں ہوتا۔

حضرت زینب کبریٰ سلام اللہ علیہا نے یزید سے کہا کہ میں تم کو ایک حقیر و زلیل انسان سمجھتی ہوں (انّی لاستصغرك) جی ہاں انسان معرفت وشناخت کے اعتبار سے اگر یقین پیدا کرلے تو وہ کامل الیقین ہو جاتا ہے اور کامل الیقین رکھنے والا کبھی کسی چیز میں لڑکھڑاتا نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ ایک شخص احساسات کے دباؤ میں آ کر لوگوں کے بیدار کرنے پر کسی چیز کے لئے اٹھ کھڑا ہو چونکہ یہ بدلاؤ نہ معرفت کی وجہ سے ہے اور نہ شناخت کی وجہ سے۔ لہذا کچھ عرصے کے بعد وہ بے اثر ہو سکتا ہے۔ اور اس میں شک وتردید پایا جا سکتا ہے۔ چونکہ ہر گرم ہونے والی چیز کو ٹھنڈا ہونا

ہے۔ قرآن نے دو طریقے کے دو راستے دکھائیں ہیں (۱) لوگوں کا ایمان کی فضا م
داخل ہونا (۲) دوسرے ایمان کا دل کی فضا میں رچ بس جانا۔ لوگوں کا ایمان ک
طرف آنا تو آسان ہے۔ (یدخلون فی دین اللہ افواجاً) (۵۲) مگر ایمان
قلوب میں رسوخ کرنا بہت مشکل ہے۔ (ولمّا یدخل الایمان فی قل
بکم) (۵۳) اس وقت جو میں تحریر قلمبند کر رہا ہوں یہ وہ شب ہے کہ جس کے د
میں حضرت علی علیہ السلام غدیر خُم میں منصب امامت پر فائز ہوئے وصی و جانشین رسو
بنائے گئے وہی لوگ جو کہ (یدخلون فی دین اللہ افواجاً) تھے اس منظر کو ملاح
کرتے ہوئے مبارک باد بھی پیش کر رہے تھے۔ لیکن کچھ ہی دن نہ گذرے تھے کہ ع
علیہ السلام کو چھوڑ کر الگ ہو گئے۔ کیوں؟ وجہ یہ تھی کہ ایمان ان کے قلوب تک
اثر انداز نہیں ہوا تھا۔ یہ ہے دونوں مین فرق کہ لوگوں کا ایمان میں داخل ہونا ا
ایمان کا دل میں اترنا۔

☆☆☆☆☆☆☆

امام حسین علیہ السلام کا سفر مدینہ سے کربلا
قرآن کی روشنی میں

(وہ آیتیں جسکو تمام راستوں پر امام حسینؑ نے بطور سند پیش کیا وہ مندرجہ ذیل ہیں)

پہلی آیت وہ ہے جس کی تلاوت کرتے ہوئے انکار بیعت کیا، جس وقت کہ یزید کا نمائندہ (مروان) مدینہ میں یہ ارادہ کرتا ہے کہ امام حسینؑ سے یزید کے لئے بیعت لے۔ امام حسینؑ نے اس کے اقدام پر فرمایا (ویلک یا مروان فانک رجس) ہلاک ہو جاؤ اے مروان تم لوگ تو بہت گندے ہو اور ہم اور ہمارے اہل و عیال پاک و پاکیزہ ہیں۔ خداوند کریم نے ہم لوگوں کی شان میں فرمایا ہے۔ (انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس اہل البیت و یطہرکم تطہیراً) (۵۴) خداوند چاہتا ہے کہ تمام پلیدی ور جس کو ہم اہلبیتؑ سے دور رکھے اور پاک رکھے گا جو پاک رکھنے کا حق ہے۔

دوسری آیت۔ جس وقت کہ امام حسینؑ نے مدینہ سے سفر کا آغاز کرنا چاہا تو وصیت نامہ مکمل کر کے آغاز کربلا کیا۔ اس کے آخر میں تکمیل وصیت نامہ کی مہر اس

آیۂ کریمہ کے ذریعہ کر کے آنے والی نسل کو آگاہ کر گئے۔ (وما توفیقـ الّا باللّٰہ علیہ تو کلت و الیہ انیب) (۵۵) میرا ارادہ اور میرے تمام وہ کام وند کے ارادہ سے خالی نہیں ہے اسی پر ہمارا بھروسہ واطمینان ہے۔

تیسری آیت: جس وقت یزید کی بیعت سے انکار کر کے مدینہ سے مکہ طرف نکلنے لگے اس وقت اس آیۂ کریمہ کی تلاوت فرمائی۔ (فخرج منہا خائفاً یترقّب قال ربّ نجّنی من القوم الظّالمین) (۵۶) جس وقت (جنا موسیٰ) ان کے درمیان سے حیران و پریشان ڈرے ہوئے نکلے تو (جناب موسیٰ نے کہا اے میرے پالنے والے مجھے اس ستم کرنے والی قوم سے نجات دے۔

چوتھی آیت: شیخ مفید علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ جیسے ہی امام حسینؑ نے مدی کو الوداع کہنا چاہا جنات اور فرشتوں کی جماعت امام حسینؑ کی مدد کرنے کے لئے حاضر ہو گئے لیکن امام نے ان لوگوں سے مخاطب ہو کر اس آیۂ کریمہ کی تلاو فرمائی۔ (اینما تکونوا یدرککم الموت و لو کنتم فی بروج مشیّدۃ) (۵۷ تم جہاں کہیں بھی رہو اگر وہ عمارت بہت اونچی فلک بوس بھی ہو تو موت تم کو آ چپیٹ میں لیلے گی اور اس کے بعد دوسری آیت کی کچھ اس طرح تلاوت کرتے ہیں

۔(کبرز الّذین کتب علیہم القتل الیٰ مضاجعہم) (۵۸) جو شخص مارے گئے اور لوح مقدر میں یہی ان کے لئے لکھا گیا تھا کہ یہ لوگ خود سے چل کر مقتل کی جانب گئے۔

پانچویں آیت: جس وقت کہ امام حسینؑ کربلا کی طرف کوچ کرنے والے تھے اس سے پہلے مکّہ میں شب جمعہ ۳ شعبان کو داخل ہوئے اور اس طرح آیۂ کریمہ کی تلاوت فرمائی۔ (ولمّا توجّہ تلقاء مدین قال عسیٰ ربّی ان یّھدنی سواء السّبیل) (۵۹) اور جب امام حسینؑ نے مدینہ کی جانب نگاہ کی تو فرمایا کہ اے میرے پروردگار مجھ کو سیدھے راستے کی طرف ہدایت کر۔

چھٹی آیت: سرزمین مکّہ پر جب جناب ابن عبّاس سے گفتگو کر رہے تھے تو بنی امیہ کے سلسلے اس آیت کریمہ کی تلاوت کرتے ہوئے فرمایا۔ (انّھم کفروا باللّٰہ و برسولہ و لا یاتون الصّلاۃ الّا و ھم کسالیٰ) (۶۰) ان لوگوں نے خدا اور رسول کی نسبت کفر اختیار کیا سوائے اس کے کہ کسالت اور سستی کی حالت میں نماز کے لئے کھڑے ہوتے۔ اسی طرح اسی کے ضمن میں دوسری آیت کی بھی تلاوت فرمائی۔ (یراؤن النّاس و لا یذکرون اللّٰہ الّا قلیلا) ۔لوگوں کے ساتھ ریاکاری و مکاری کرتے ہیں اور تھوڑی بہت خدا کی معرفت رکھتے ہیں۔ (مذبذبین بین ذالک لا الیٰ ھؤلاء و لا الیٰ ھؤلاء و من یضلل اللّٰہ فلن تجد لہ سبیلا) (۶۱) (اس کفرو

ایمان) کے درمیان اِدھر اُدھر گھومے۔ نہ فقط یہ لوگ بلکہ مومنین اور نہ فقط مومنین ا
شخص بھی گمراہی میں اپنے آپ کو خدا کے حوالے کر دے تو ایسا شخص بھی اس معرفت
سے خارج نہیں ہو سکتا۔ اور پھر امام حسینؑ نے فرمایا (کل نفس ذائقة الموت
انما توفون اجورکم) (۶۲) ہر ذی روح کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ اور بے شک
قیامت کے دن تمہارے اعمال کی وہ تمام جزائیں ضرور دی جائیں گی۔

ساتویں آیت:۔ عید قربان کے موقع پر جبکہ امام حسینؑ نے مکہ سے کربلا کی
جانب کوچ کیا۔ یزید کے نمائندے نے حسینؑ کے راستے میں رکاوٹ ڈالی اس وقت
ایک دوسرے کے ساتھ تازیانے کی نوبت آ پڑی۔ ان لوگوں نے امام حسینؑ سے ک
کہ مجھے یہ ڈر ہے کہ کہیں تم ہم لوگوں میں اختلاف پیدا نہ کر دو اس وقت امام حسین
نے اس آیۂ کریمہ کی تلاوت فرمائی۔ (لی عملی و لکم عملکم انتم بریٔون
مما اعمل وانا بریء مما تعملون) (۶۳) میرا عمل میرے ساتھ اور تمہارا عم
تمہارے ساتھ میں جو کچھ کرتا ہوں اس سے تم الگ اور بری الذمہ ہو۔ اسی طرح
لوگ جو کرتے ہو اس سے میں بری الذمہ اور الگ ہوں۔

آٹھویں آیت:۔ جس وقت کہ یہ قافلہ کربلا کی جانب رواں دواں تھا بین را

جناب مسلم کی شہادت کی خبر ملی اس وقت آپ نے فرمایا۔ (انا للّٰہ وانا الیہ
راجعون) (۶۴) جس شخص پر مصیبت آن پڑے اس طرح کہیں میں خدا کی طرف
سے آیا ہوں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

نویں آیت:۔ جس وقت کہ امام حسینؑ سرزمین کربلا سے نزدیک ہوئے
حر اور اس کا لشکر امام حسینؑ سے کہنے لگا۔ تم لوگ کیوں آئے ہو تو امامؑ نے فرمایا کہ تم
لوگوں کی دعوت نے مجھے یہاں آنے پر مجبور کیا اب تم لوگ اس پر احساس ندامت کر
رہے ہو اس وقت اس آیت کی تلاوت فرمائی۔ (فمن نکث فانما ینکث علیٰ
نفسہ) (۶۵) بس جس شخص نے عہد و پیمان کو توڑا تو اس نے اپنے گھاٹے میں
پیمان کو توڑا ہے۔

دسویں آیت:۔ جس وقت کہ امام حسینؑ کوفہ اور کربلا کے راستے ہی میں تھے کہ
قاصد کی شہادت کی خبر ملی جن کا نام قیس بن مسہر صیداوی تھا گریہ کرتے ہوئے اس
آیت کریمہ کی تلاوت فرمائی۔ (ومنھم من قضیٰ نحبہٗ ومنھم من ینتظر
ومابدلوا تبدیلا) (۶۶) اور یہی وہ ہیں جو اپنے وعدے پر حیات کے آخری لمحہ تک
باقی ہے اور یہ وہ ہیں جو شہادت کا انتظار کیا کرتے تھے اور ان کے کام میں کوئی تغیر و
تبدل نہ تھا۔

گیارھویں آیت: جس وقت کوفہ کے حاکم (ابن زیاد) نے حکم نامہ بھیجا
امام حسینؑ کے لئے تمام راستوں کے بند کردو حُر نے اس حکم نامہ کو امامؑ کے سا
پیش کیا۔امامؑ نے اس وقت اس آیت کریمہ کی تلاوت فرمائی۔ (وجعلنا ھم آئ
یدعون الی النار) (۶۷) اور ہم نے اس لوگوں کے لئے ایسا حاکم قرار دیا
دوزخ کی طرف بلاتا ہے لیکن وہ قیامت کے دن مدد نہیں کریں گے۔

بارھویں آیت: امام حسینؑ کربلا کے میدان میں یزیدی لشکر کے سلسلے میں
بی بی سکینہؑ سے آیت کے ذیل میں گفتگو کرتے ہوئے آیۂ کریمہ کی تلاوت
(استحوذ علیھم الشیطان فانساھم ذکر اللہ) (۶۸) ترجمہ: شیطان ان لوگوں پر مسلط
اور خدا کی یاد سے ان لوگوں کو دور کیا۔

تیرھویں آیت: عاشور کے دن کربلا کے میدان میں یزیدی لشکر کے سا
اس آیت کی تلاوت کی (فاجمعوا امرکم و شرکائکم ثمّ لا یکن امرکم غ
ثم اقضوا الیّ ولا تنظرون) (۶۹) تم لوگ جس کے ساتھ شریک ہو لہذا تم لوگ
اپنے کام کو ایک ساتھ مل کر یقین کے ساتھ انجام دینے کے حق میں ہو لہذا اپنے ا
کام پر پردہ نہ ڈالو اور بغیر مہلت کے میرا کام تمام کردو۔ اسی کے ضمن میں دوسر

آیت کی بھی تلاوت فرمائی۔(انما ولیّ اللہ الذی نزل الکتاب و ھو یتولّی
الصالحین) (۷۰) میرا سید و سردار خدا ہے کہ جس نے کلام بابرکت کو ہم لوگوں
کے لئے بھیجا اور وہ ایک شائستہ دوست ہے اور پھر اسی بعد تیسری آیت کی بھی
تلاوت فرمائی۔(وانّی عذت بربّی وربکم ان ترجمون) (۷۱) اور میں سنگسار
کے شر سے پہلے اپنے لئے تمہارے رب کی پناہ چاہتا ہوں اسی طرح اور بھی آیتوں کی
تلاوت فرمائی۔(اعوذ بربّی وربکم من کلّ متکبّر لا یؤمن بیوم الحساب) (۷۲)
میں اپنے پروردگار اور تمہارے پروردگار کی پناہ چاہتا ہوں ہر اس متکبر شر سے جو
قیامت کے حساب و کتاب پر ایمان نہیں رکھتے۔

☆☆☆☆☆☆☆

امام حسین علیہ السلام کے اہداف ومقاصد اور قرآن

اسلام میں جتنی حد تک فساد کے سلسلے میں اور اس سے مقابلے کے لئے اعتراض بیان ہوا ہے۔ اسی طرح اصلاح وغیرہ کی بھی تاکید وتائید ہوئی ہے۔ قرآن داخلی ایمان وتقویٰ پر فقط تکیہ نہیں کرتا ہے۔ بلکہ اصلاح کو ایمان وتقویٰ کا لازم وملزو سمجھتا ہے (آمن واصلح) ۳؎ (وفمن اتقیٰ واصلح) ۴؎ سب سے پہلے اصلاح کرنے والا خود خدا کی ذات ہے (واصلح بالھم) ۵؎ لہذا لوگوں کو چاہئے کہ ایک حد تک اپنے عیوب کے ابتدائی مراحل کی اصلاح کریں (تابوا واصلحوا۔۔۔) ۶؎ اس کے بعد عوام وسماج کی اصلاح کی کوشش کریں (فاتقوا اللّٰہ واصلحوا ذات بینکم) ۷؎ اصلاح کرنے والا شخص فتنہ وفساد کرنے والوں کے پیچھے ہرگز نہیں رہتا (واصلح ولا تتبع سبیل المفسدین) ۸؎ لہٰ اصلاح طبق عدل وقانون انجام پانا چاہئے (فاصلحوا بینھما بالعدل القسط) ۹؎ جو شخص واصلاح کے راستے کو اپنے لئے بند کرلے تو ایسا شخص نابود

جائے گا اگرچہ وہ نبی کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو (وانہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح) ۸۰؎ (اے نوح) وہ تمہارے خاندان سے نہیں ہے کیونکہ اس کا عمل صلاحیت کا حامل نہیں ہے۔ خدا کے خواص بندے خدا سے درخواست کرتے تھے کہ انکا الحاق صالحین کے ساتھ ہو جائے۔ (الحقنی بالصالحین) ۸۱؎ قرآن نے عام طور سے ایمان کو عمل صالح کے ساتھ بیان کیا ہے (الذین آمنو اوعملو الصالحات) بعض عمل صالح زبان ومکان کے لئے محدود نہیں ہیں بلکہ یہ آنے والی نسل اپنے صالح آباد واجداد کے خیر وبرکت سے استفادہ کرتے ہیں۔ (وکان ابوھما صالحا) ۸۲؎ قرآن ہدف کی کامیابی کو نعمتوں میں شمار کرنے اور عمل صالح کو انجام دینے میں جانتا ہے۔ (یا ایھا الرسول کلو امن الطیبات و اعملو صالحا) ۸۳؎ (استفادہ اور تمہاری کامیابی نعمتوں کے ذریعہ ہو لہذا ضروری ہے کہ عمل صالح اور نیک کام کو انجام دیتے رہو) خداوند کریم آئندہ زمین کی حکومت کو اپنے صالح بندے کے سپرد کرے گا (ان الارض یر ثھا عبادی الصالحون) ۸۴؎ انسان اپنی اصلاح کے بعد دوسروں کی اصلاح کے لئے قدم بڑھائے اور اپنی تمام تر کوششوں کو اس پر صرف کردے۔ (ان اریدالا الاصلاح ما استطعت) ۸۵؎ کوئی چیز توان وطاقت کے مطابق نہیں چاہئے سوائے اصلاح کے خداوند کریم اس انسان کو جو کہ طلب اصلاح کے خواہاں ہیں اور اصلاح کے پروگنڈہ والے ہیں

دونوں کوایک دوسرے سے جدا کرتا ہے۔ جھوٹے دعوے کرنے والوں کے چہرے سے نقاب کشائی کرتا ہے۔(قالو انما نحن مصلحون الا انهم هم المفسد ون ولکن لا یشعرون)۸۶ے وہ لوگ کہتے ہیں کہ فقط ہم لوگ اصلاح طلب ہیں تو ہوشیار ہو جاؤ کہ یہی لوگ فساد کرنے والے ہیں مگر یہ لوگ شعور وادراک نہیں رکھتے۔

جی ہاں خداواقعی اصلاح کرنے والے کوخوب پہچانتا ہے (واللہ یعلم المفسد من المصلح) ۸۷ے خداوندکریم نے واقعی اصلاح کرنے والوں سے انعام واکرام کاوعدہ کیا ہے۔(انا لا نضیع اجر المصلحین) ۸۸ے قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ معیار فساد جتنا عروج پر ہوگا اس سے زیادہ اصلاح کرنے والوں کی ضرورت پڑے گی۔ جتنی ہوا میں شدت بڑھے گی اتنی ہی زیادہ پانی کی ہوس بھڑکے گی۔ فساد کرنے والے جتنا خطرناک ہوں گے ویسے ہی اصلاح کرنے والے ایک بزرگ کی ضرورت پڑے گی۔ لہذا نمرود سے مقابلہ کے لئے سوائے ابراہیمؑ کے اور کوئی نہیں۔ فرعون سے مقابلہ آرائی کے لئے موسیٰؑ کے علاوہ کوئی نہیں۔ یزید سے مقابلہ کرنے کے لئے سوائے امام حسینؑ کی ذات کے کوئی نہیں کھڑا ہوسکتا۔ یہ واضح وروشن ہے کہ اصلاحی پروگرام ونظم وضبط۔ خط وکتابت۔ بحث ومباحثہ۔ تذکر وتفکر کے ذریعہ فقط آگے نہیں بڑھ سکتا۔ بلکہ شرط یہ ہے کہ پرخطر وادی کا مقابلہ بھی کیا جائے اور جب

تک پرخطر ماحول کا استقبال ٹھیک سے نہیں کریں گے اصلاح نہیں کرسکتے ہیں۔

امام حسینؑ اسلامی ماحول کی اصلاح کرنے والے سب سے پہلی ذات برکت ہیں۔ جنہوں نے شدائد ومصائب کا استقبال کرتے ہوئے قبول حق میں جان دے دی اور درجہ شہادت پر فائز ہوگئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

امر بالمعروف ونہی عن المنکر و امام حسینؑ

(امر بالمعروف و نہی عن المنکر) یعنی نیکی کی طرف اور ہدا
اور برائی سے روکنا۔ فطرت کو جگانے کی علامت دل سوزی اور تعہد۔ مکتب وطن
سے دوستی۔ تمام جگہوں پر حاضر ہونا ایک بہترین عشق اور محبت ہے۔ نیکی کی ہدا
اور برائی سے روکنا اچھے لوگوں کی بیداری و سرفرازی اور خلاف کرنے والوں پر پو
گرفت اور مظلوموں کے حقوق کا محافظ ہے۔ اور جس جامعہ میں یہ چیزیں نہ ہو
بے توجہ اور خاموش۔ بے جان اور قابل رشد نہیں ہے۔ حضرت لوط کی امت و گنہگا
کو گناہ کرتے دیکھ کر خاموش تھی۔ حضرت لوط نے فرمایا (الیس منکم رجل
شید) ۸۹ آیا تمہارے درمیان کوئی ایک بھی رشد و ہدایت پانے والا نہیں؟ قرآ
نے ایک بہترین امت اسے قرار دیا ہے۔ جو شرط و شروط کے ساتھ نیکی کی طرف
دعوت دینے والے اور برائی سے روکنے والے ہوں۔ (کنتم خیر امۃ اخر جت
للناس) ۹۰ اس وقت خدا کا غضب ان خلاف کرنے والوں کے اوپر نازل ہوگا ا
خداوند کریم برائی سے روکنے والوں کو نجات دے گا۔ (وانجینا الذین ینھون ع

لسوء) ۹۱ نماز کی برکتوں میں ایک برکت یہ ہے کہ انسان کو برا کام کرنے سے
روکے (اور یہ قبولیت نماز کی اہم پہچان ہے) (ان الصلوٰۃ تنھی عن الفحشاء
والمنکر) ۹۲ امر بہ معروف اور معروف کا انجام دینا دونوں جزاء میں برابر کے
شریک ہیں ۹۳ اور امر بہ معروف کا ترک کرنا اشرار لوگوں کے سلطہ کا سبب ہو جاتا
ہے۔ نیکی کی ہدایت اور برائی سے روکنا پوری تاریخ میں تمام انبیاء کا وظیفہ و سلیقہ رہا
ہے (لقد ابعثنافی کل امۃ رسولاً ان اعبدوا اللہ وا جتنبو الطاغوت) ۹۴
امام حسینؑ اپنے قیام کو دشمنوں کے مقابلے میں کچھ اس طرح بیان کرتے ہیں۔ آیا تم
لوگ نہیں دیکھتے ہو کہ حق و حقیقت پر لوگ عمل نہیں کرتے ہیں اور بڑھتے ہوئے
فساد باطل کو روکتے بھی نہیں ۹۵ میں نے یہ طے کر لیا ہے ہم شہید ہو جائیں گے ہمارا
خون بہایا جائے لیکن پھر بھی امر بہ معروف و نہی از منکر سے نہیں رک سکتا۔ (انی ار
یدان آمر بالمعروف ......) جی ہاں نیکی کی طرف ہدایت اور برائی سے پرہیز ایک
مرحلہ ہے۔ جس میں کا بعض مرحلہ شہادت کی منزل تک پہنچتا ہے جیسا کے مقدس خون
اس راستے میں بہایا گیا ہے (وایقتلون الذین یامرون بالقسط) ۹۶

بے وجہ توجیہات

کچھ حضرات خاموش رہ کر زندگی کا مزہ لینا چاہتے ہیں وہ اس سلسلے میں
بہت کچھ کہتے ہوئے بھی نظر آتے ہیں۔ ان میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں۔ چھوڑ دو

